Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 10 مارچ 2025ء، 9 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 318

آئی ٹی برآمدات میں اضافہ نوجوانوں کو روزگار ملے گا وزیر اعظم

ڈیجیٹل انقلاب میں نوجوانوں کا کلیدی کردار ،حکومت نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے لیس کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ہوا وے ٹیکنالوجیز کے ساتھ پاکستان کے تین لاکھ نوجوانوں کو آئی سی ٹی ٹریننگ کی فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس

سلم آباد: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کلثوم، ڈیجیٹل ٹیلی ہیلتھ ایکسچینج کے ڈائریکٹر۔

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کے فروغ اور ڈیجیٹل انقلاب میں نوجوانوں کا کلیدی کردار ہے، حکومت نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے لیس کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے ۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا وے ٹیکنالوجیز کے ساتھ پاکستان کے تین لاکھ نوجوانوں کو آئی سی ٹی ٹریننگ کی فراہمی کے حوالے سے جائزہ (بقیہ نمبر 1)

بھارتی براہموس میزائل کے پاکستان میں گرنے کے 3 سال مکمل

بھارت کے پاس اپنے ہتھیاروں کو سنبھالنے کی صلاحیت نہیں ہے

اس کا کمانڈ اینڈ کنٹرول اتھارٹی نظام انتہائی مشکوک ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بھارت نیشنل میں اپنی بالادستی قائم کرنے کیلئے اپنی فوج اور ہتھیاروں بالخصوص میزائل ٹیکنالوجی کو وسعت دینے میں مصروف ہے مگر انٹرسٹ بات یہ ہے کہ ہتھیاروں کے حوالے سے اس کا کمانڈ اینڈ کنٹرول اتھارٹی (بقیہ نمبر 2)

14 ملکوں سے مزید 117 پاکستانی بے دخل

سعودی عرب سے بلیک لسٹ، امیگریشن مسائل، منشیات، بھیک مانگنے گیلی کے بغیر کام کرنے سمیت مختلف الزامات پر 54 ڈی پورٹ

سے مزید 117 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران امریکا، سنگاپور، قطر اور ملائیشیا سمیت 14 ملکوں 4 1 مختلف (بقیہ نمبر 5)

نادیہ حسین کے شوہر عاطف خان کرپشن کیس میں گرفتار

الیف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل نے کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ان کی رہائش گاہ پر چھاپہ مار کر گرفتار کیا

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ اور ماڈل نادیہ حسین کے شوہر عاطف احمد خان کو الیف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل نے کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں ان کی رہائش گاہ پر چھاپہ مار کر گرفتار (بقیہ نمبر 4)

حکومت کا ڈیجیٹل پرائز بانڈ متعارف کرانے کا فیصلہ

ابتدائی طور پر 500، 1000، 5000، 10000 مالیت کے ڈیجیٹل پرائز بانڈ جاری کیے جائینگے

لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل پرائز بانڈ متعارف کرانے کے ذریعے ہوگا۔ وزارت خزانہ نے مرکزی نظام قومی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کا تین دین موبائل فون پیچت کو ہدایت کی ہے کہ وہ بینکر (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے رکن قومی اسمبلی عبدالغفار وٹو اور رکن صوبائی اسمبلی ندا حسین وٹو کی ملاقات۔

پنجاب بھر میں لیبر کالونیاں بنانے کیلئے پلان بھی طلب سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کی آری ویمپنگ کا حکم

وزیراعلیٰ مزدوروں کی ویلفیئر کیلئے سرگرم

مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی منظوری، رحیم یار خان میں 50 بیڈ کے نئے سوشل سکیورٹی ہسپتال کی اصولی منظوری

صوبہ بھر میں سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کی ری ویمپنگ کا حکم، لاہور ڈیفنس روڈ پر 200 بیڈ کا رحمت اللعالمین کارڈیالوجی سینٹر بنانے کا اصولی فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز کا پنجاب بھر میں ورکروں کو کم از کم اجرت 37 ہزار روپے کی ادائیگی یقینی بنانے کا حکم، لیبر کالونیاں بنانے کیلئے پلان طلب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر سے جامع پلان طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں کم از کم اجرت کا نفاذ یقینی بنانے کا (بقیہ نمبر 5)

منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جائزہ اجلاس میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جائزہ اجلاس میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کی

دین اسلام نے خواتین کو برابری کے حقوق دیئے

خواتین کو تحفظ اور منصفانہ حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے پورے معاشرے کو مل کر کام کرنا ہوگا

ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ کا خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے خصوصی پیغام

راولپنڈی (صمدار رحمان سے) ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا ہے کہ آج کے دن ہر شعبہ میں خواتین کی کامیابیوں کے اعتراف کا دن ہے، مادر، دختر، بہن نے خواتین کو آج سے 14 سو سال پہلے برابری کے حقوق دیئے ۔اسلام نے ماں کے قدموں تلے جنت کی بشارت دی ہے۔ خواتین کو تحفظ اور منصفانہ حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے پورے معاشرے کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ اسلام خواتین کو زندگی کے ہر شعبے میں مثبت کردار ادا کرنے پر حوصلہ افزائی کر (بقیہ نمبر 6)

ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے

گاڑی سے لاکھوں مالیت کے جعلی کرنسی نوٹ برآمد

4 ملزمان گرفتار، تھانہ مصری بالا ٹہ پولیس نوشہرہ کے حوالے کر دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) موڑوے ایم ون کرنل شیر خان انٹرچینج کے قریب پیٹرولنگ اہلکاران کی کارروائی کے دوران گاڑی سے لاکھوں مالیت کے جعلی کرنسی نوٹ (بقیہ نمبر 4)

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سید سیال خان سے سیکرٹری وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس ملاقات کر رہے ہیں

گندم کی بوائی متاثر، کاشتکار منافع بخش فصلوں کی جانب منتقل

2025 میں گندم کی پیداوار کا انحصار اپریل تک برساتی موسم کی کارکردگی پر ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) گندم کی کم قیمتوں اور پیداس کے خاتمے نے گندم کے موجودہ بوائی سیزن کو متاثر کیا ہے(رپورٹ حکومت کی جانب سے امدادی نرخوں (بقیہ نمبر 2 5)

گھریلو جھگڑا میں سسرالیوں نے نوجوان کو ریلوے ٹریک پر پھینک دیا

سرگودھا (این این آئی) گھریلو جھگڑا میں سسرال کے نوجوان کو ریلوے ٹریک پر پھینک دینے سے ٹرین کی زد میں آ کر اس کی دونوں ٹانگیں کٹ گئیں جس کو شدید زخمی حالت میں ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا ریلوے کے علاقہ بھکر میں سسرال کے گھریلو جھگڑے پر سسرالیوں نے رسیوں سے باندھ کر نوجوان (بقیہ نمبر 9)

وزیراعظم شہباز شریف ہوا وے ٹیکنالوجیز کے ساتھ پاکستان کے تین لاکھ نوجوانوں کو آئی سی ٹی ٹریننگ کی فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کریانہ چینٹ ایسوسی ایشن کا شوگر ملوں سٹہ بازوں کی من مانیوں پر تشویش کا اظہار

پچاس کلو بیگ کی قیمت 8300 روپے تک پہنچ گئی، پرچون قیمت 165 روپے مقرر کر دی گئی ہے

وزیراعلیٰ پنجاب فی الفور نوٹس لیں، شوگر ملوں، سٹہ بازوں کو 160 روپے فراہمی کا پابند بنایا جائے صدر طاہر نقشبن بٹ

لاہور (این این آئی) مرکزی کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن کے صدر طاہر نقشبن بٹ نے شوگر ملوں اور سٹہ بازوں کی من مانیوں کے باوجود حکومت کی جانب سے پرچون نرخ پر چینی کی فراہمی کے کسی پر پرچون نرخ پر چینی کی قیمت 165 روپے فی کلو مقرر کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل ہے کہ اس پر فی الفور نوٹس لیں ۔ کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس (بقیہ نمبر 8)

بٹالہ ٹاؤن میں چوری کی وارداتوں میں خطرناک اضافہ، شہری عدم تحفظ کا شکار

تھانہ چک شہزاد کی حدود میں جرائم پیشہ افراد سرگرم، پولیس گشت نہ ہونے کے برابر

بٹالہ ٹاؤن کے مکین خوفزدہ، گھروں میں بھی تحفظ نہیں، انتظامیہ سے فوری ایکشن کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بٹالہ ٹاؤن جو کہ تھانہ چک شہزاد کی حدود میں واقع ہے میں چوری کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے، جس سے علاقے کے رہائشی شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر دیدہ دلیری سے وارداتیں کر رہے ہیں، لیکن پولیس کی جانب سے کوئی ٹھوس کارروائی دیکھنے میں نہیں آ رہی۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں کے دوران متعدد گھروں اور دکانوں میں چوریاں ہو چکی ہیں، لیکن بیشتر کیسز میں مجرموں کو گرفتار نہیں کیا جا سکا۔ چوروں کے حوصلے اتنے بلند (بقیہ نمبر 7)

سوہاوہ: لڑکیاں اناج کی چک میں لگائے گئے سٹالز سے پرانی کتابیں خرید رہی ہیں

تعلیم کیلئے سالانہ ایک کروڑ روپے جیب سے خرچ کر رہا ہوں، وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ میں خوشامی نہیں کرپائیں لوگوں کو ترغیب دینے کے لئے بتا رہا ہوں کہ میں گزشتہ بارہ سالوں سے سالانہ ایک روڈ ریپائر جیب سے تعلیم کیلئے خرچ کر رہا ہوں ۔ایک اعزازی میں وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ رب تعالیٰ کا کہنا ہے کہ اگر میرے (بقیہ نمبر 8)

پورٹ قاسم اراضی اسکینڈل، 3 رکنی کمیٹی قائم

کمیٹی زمین کی لیزنگ میں بے ضابطگیوں کی انکوائری کر کے رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو دیگی

ڈائریکٹر آئی بی سراج الدین امجد اور ڈائریکٹر ایف آئی اے سید شاہد حسین تحقیقاتی کمیٹی کا حصہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پورٹ قاسم اتھارٹی کی کمیٹی زمین کے اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی۔ سیکرٹری پیٹرولیم وداؤد کی جانب سے پورٹ قاسم اتھارٹی کی کمیٹی زمین کے موجودہ حکومت کے دور میں اونے پونے دام دیئے جانے کے انکشاف کیے گئے تھے۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پورٹ قاسم اتھارٹی (بقیہ نمبر 10)

کے الیکٹرک کا وفاق کی نسبت دوگنا مہنگی بجلی پیدا کرنے کا انکشاف

کے الیکٹرک انتظامیہ کی غفلت کراچی کے بجلی صارفین کو مہنگی پڑ گئی

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک کا وفاقی نسبت 100 فیصد مہنگی بجلی پیدا کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کے الیکٹرک انتظامیہ کی غفلت بجلی صارفین کو مہنگی پڑ گئی۔ کے الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی کی دستاویز میں انکشاف کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 9)

علماء کیخلاف بندوق اٹھانا جہاد نہیں دہشتگردی ہے، تم جہاں بھی قتل ہو

مولانا فضل الرحمٰن

مجھے یوں احساس ہو رہا تھا یہ حملہ حامد الحق پر نہیں میرے گھر میرے مدرسے پر ہوا، یہ حملہ میرے مادر علمی پر ہوا ہے

ریاستی ذمہ داروں سے کہا دارالعلوم حقانیہ میں آپریشن کیا تو بہت مہنگا پڑے گا، برے او بے یو آئی کا اکوڑہ خٹک میں خطاب

اکوڑہ خٹک (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ عالمدین کے خلاف بندوق اٹھانا جہاد نہیں، تنگ نظری اور دہشتگردی ہے، تم جہاں بھی قتل ہو مجرم ہو، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مولانا سمیع الحق کی شہادت کے بعد انہوں نے کہا کہ مولانا سمیع الحق کے بیٹے مولانا حامد الحق کو بھی شہید کر دیا گیا، دارالعلوم حقانیہ کے در و دیوار (بقیہ نمبر 2 6)

موٹر سائیکل سپورٹ کے کھلے مین ہول میں جا گری، خاتون جاں بحق

میاں بیوی چوکی میں دوائی لینے آئے تھے، موٹر سائیکل کھلے مین ہول میں جا گری

چوکی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ عالمدین کے خلاف بندوق اٹھانا جہاد نہیں، سپورٹ کے کھلے مین ہول میں جا گری خاتون جاں بحق ورثاء کا شدید احتجاج وزیراعلیٰ پنجاب

قاتلوں، اشتہاریوں کے خلاف آپریشن، خفیہ ٹھکانے تباہ

لاہور (این این آئی) پولیس کی جانب سے قاتلوں اور اشتہاریوں کے خلاف مختلف اضلاع میں سرچ آپریشن کیا گیا سرچ آپریشن میں ضلع گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، منڈی بہاؤالدین پولیس اور ایلیٹ فورس کے دستوں نے حصہ لیا۔ ترجمان (بقیہ نمبر 2 8)

پاکستان اور افغانستان کی حکومتیں امریکی جال میں نہ پھنسیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ کے مقابلے میں غزہ کی تعمیر نو پر اقوام کی مشترکہ حکمت عملی بنانا ہوگی ۔ہمیں اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ غزہ کے بہادر مظلوم فلسطینیوں نے تاریخ کا دھارا (بقیہ نمبر 3 0)

اوورسیز پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا نوٹس

سمندر پار پاکستانیوں سے زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی، چوہدری سالک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک نے اوورسیز پاکستانیوں کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا نوٹس لے لیا اس حوالے سے وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 2 1)

3 ناجائز اسلحہ رکھنے والے گرفتار، اسلحہ برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان آصف اور کامران کو گرفتار کر لیا ملزمان سے 2 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، وجہ مال (بقیہ نمبر 1)

سیالکوٹ: وفاقی وزیر خواجہ آصف اور صوبائی وزیر میجل مگھار وڈ بیوٹی کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

منشیات سپلائر جلال شاہ کو 9 سال قید، 80 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موٹر پولیٹیک کے باعث معزز عدالت نے منشیات سپلائر جلال شاہ کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانے کی سزا سنائی دی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے گزشتہ روز منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم جلال شاہ (بقیہ نمبر 1 1)

ڈی پی او سرگودھا نے متعدد تھانوں کے ایس ایچ او کو تبدیل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا نے متعدد تھانوں کے ایس ایچ او کو تبدیل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈی پی او محمد صہیب اشرف نے سب انسپکٹر صفدر کو ایس ایچ او تھانہ اربن ایریا، سب انسپکٹر ساجد کو ایس ایچ او تھانہ ساہیوال، سب انسپکٹر شاہد اقبال کو ایس ایچ او تھانہ (بقیہ نمبر 1 2)

ساہیوال پولیس نے 5 خطرناک گروہوں کا صفایا کر دیا

ڈیڑھ ارب مالیت کی منشیات برآمد، 160 ناجائز اسلحہ رکھنے پر گرفتار

ساہیوال (این این آئی) ضلع ساہیوال پولیس نے رواں سال کے پہلے دو ماہ میں ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرنے والے 5 گروہوں کا صفایا کر دیا۔ 238 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 10.76 کلو ہیروئن، 98 کلو چرس برآمد کر لی۔ 13 شراب کے عادی مجرموں کو پکڑ لیا۔ 2592 لیٹر شراب برآمد کر (بقیہ نمبر 3)

اسمارٹ میٹرز استعمال کرنیوالے صارفین بلز میں 17 فیصد تک کمی لا سکتے ہیں، رپورٹ

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی بجلی کے اسمارٹ میٹرز کو موثر بنانے کی تجویز

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس پر تحقیقی رپورٹ جاری کر دی گئی

مریدکے: وفاقی وزیر صنعت رانا تنویر حسین کے علاقے کے شائقین اور عوام کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (این این آئی) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی پاور سیکٹر پر تحقیقی رپورٹ جاری کر دی گئی، پائیدار نجی کے شعبے میں اصلاحات اور اسمارٹ میٹرز کو موثر بنانے کی تجویز دیدی۔ رپورٹ کے مطابق اسمارٹ میٹرز استعمال کرنے والے گھریلو صارفین بجلی بلز میں 17 فیصد تک کی لا سکتے ہیں۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس نے راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، ملتان، فیصل آباد اور کھمبر کے بجلی صارفین پر اسٹڈی کی اور پاور سیکٹر پر اپنی رپورٹ جاری کر دی۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کی پاور سیکٹر پر تحقیقی رپورٹ میں پائیدار نجی (بقیہ نمبر 4)

ارمغان منشیات کیس میں کتھیاں مزید سلجھنے لگیں

ملزم ساحر حسن کے 8 سال کی عمر سے منشیات کے استعمال کا انکشاف

کراچی (این این آئی) ارمغان منشیات کیس میں کتھیاں مزید کھلنے لگی۔ ملزم ساحر حسن کے 8 سال کی عمر سے منشیات کے استعمال کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن شعیب میمن نے کہا ہے کہ ساحر کی پہلی بھی منشیات استعمال کرتی (بقیہ نمبر 2 2)

وکیل کی کار کی زد میں آ کر محنت کش کا چار سالہ بچہ جاں بحق

پیٹنٹ کا رہائشی محمد حسنین اپنے چار سالہ بیٹے علی حسن کے ہمراہ تارخ پیٹنٹی پر آیا تھا

مہوآ (این این آئی) ضلع کچہری کے گیٹ پر کار روائی کے بعد تھانہ دوماہ کے حوالے سے سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر کاری زدمیں آ کر محنت کش کا چار سالہ بچہ جاں بحق، پولیس نے ضروری دیوی۔ بتایا جاتا ہے کہ 194 جج پلیٹ کے رہائشی محمد حسنین (بقیہ نمبر 2 3)

اکوڑہ خٹک: جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے لاگ ترجمان
بانیٔ اداریہ: عبدالحمید بھٹی مرحوم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول کی یقین دہانی

وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ زراعت، صنعتی ترقی اور تجارت کا فروغ حکومت کا ہدف ہے۔ ممتاز کاروباری شخصیات سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ میکرو اقتصادی اشاریے بتدریج بہتر ہو رہے ہیں۔ حکومت میں جہاں، جس کی بھی غلطی ہوگی اسے جوابدہ بنایا جائیگا۔ ملک کی ترقی، خوشحالی، پیداوار اور روزگار کے مواقع بڑھانے میں کاروباری برادری کا کردار لائق تحسین ہے، مخلص اور دیانتدار کاروباری برادری ہمارا قیمتی اثاثہ ہے۔ کاروباری شخصیات کے ساتھ ملاقاتوں کا مقصد معیشت کی بہتری کیلئے ان کی رائے لینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کا سفر مقامی سرمایہ کاروں سے شروع ہوتا ہے۔ اب ہمیں روزگار، پیداوار اور برآمدات میں اضافے پر توجہ مرکوز کرنی ہے۔ اگر ملکی سرمایہ کار سرمایہ لگائیں گے تو بیرون ملک سے بھی سرمایہ کاری ہو گی۔ دوسری جانب پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے تمام بنیادی مسائل پر پاکستان کی دیرینہ اور مسلسل حمایت پر چین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے چین کے قومی دلچسپی کے امور پر پاکستان کی جانب سے مسلسل اور غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ چین اور پاکستان کے درمیان گہرے ہوتے مراسم دونوں ملکوں کی ترقی اور خطے میں امن کی ضمانت بن چکے ہیں یہی وجہ ہے کہ دونوں ملکوں کی قیادت قومی دلچسپی کے امور پر ایک دوسرے کی بھرپور حمایت کرتی ہیں۔ سی پیک کے تحت پاکستان میں ترقیاتی منصوبے، عوامی اور تجارتی رابطے اور تعلقات کو مزید مستحکم کر رہے ہیں۔ بدقسمتی سے ملک میں دہشت گردی کی نئی لہر پھر سر اٹھا رہی ہے جبکہ سیاست دانوں کی آپس کی چپقلش اور سیاسی عدم استحکام سے ملک میں غیر یقینی کی فضاء پیدا ہو رہی ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر ملکی سرمایہ کار صنعت کار بالخصوص نوجوان طبقہ مایوس ہو کر ملک چھوڑنے پر مجبور ہو چکا ہے۔ گزشتہ سال چیمبر میں نیب بھی یہ انکشاف کر چکے ہیں کہ مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی صورتحال سے مایوس ہو کر ایک سال میں لاکھوں نوجوان، سرمایہ کار صنعت کار اور تاجر دوسرے ملکوں میں منتقل ہو چکے ہیں۔ وزیراعظم کا یہ کہنا درست ہے کہ سرمایہ کاری کا سفر مقامی سرمایہ کاری سے شروع ہوتا ہے اس لئے تاجر برادری سے صرف مشاورت ہی کافی نہیں انگلی درست تھما دینے کو عملی قالب میں ڈھالنا بھی ضروری ہے۔ ملکی معیشت بہتر ہوگی تو روزگار کے مواقع بھی پیدا ہونگے جس سے نوجوانوں کی مایوسی دور ہوگی۔ حکومت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر اندرونی و بیرونی سرمایہ کاروں صنعت کاروں اور نوجوانوں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

رمضان اک موسم بہار

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

سرور کائنات محبوب خدا ﷺ نے رمضان المبارک کو نیکیوں کا موسم بہار قرار دیا ہے۔ جس کا مطلب ہے جس طرح بہار کی آمد پر چاروں طرف رنگ و نور تازہ پھولوں کی برسات ہوتی ہے پوسیدہ پتوں کی جگہ تر و تازہ پتے اگتے ہیں ہر طرف ایک آسودگی خوشنمائی تر و تازگی رنگینی اور خوش گوارنیت کا طربا روح کے اندر تک سرشاری کا خوب احساس ہوتا ہے جسم و روح کی کیفیت سے منظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اسی طرح جب تمام مہینوں کا سردار مہینہ جس میں اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم نازل فرمایا رمضان المبارک کی ایک بابرکت شب آسمان دنیا پر قرآن مجید کا نزول ہوا لہذا اس رات کو خالق ارض و سما نے تمام راتوں پر فضیلت عطا فرمائی اور اسے شب قدر قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ ترجمہ: شب (قدر) فضیلت و برکت اور اجر و ثواب میں (ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ رمضان المبارک کی فضیلت و عظمت اور فیوض و برکات کے بارے میں شاعر شاخ سرسائی کوثر مالک دو جہاں ﷺ فرماتے ہیں۔ رمضان المبارک کی آمد ہو گئی نہ مسجدوں کی رونق بڑھے نہ ہی انداز الطوار ظاہر باطن کا تضاد دور ہو اور نہ ہی شیت انقلاب آئے تو تمام مہینوں اور رمضان میں کیا فرق محسوس ہوگا جب کہ رمضان تمام مہینوں کا سردار خدا کا مہمان مہینہ ہے۔ اس ماہ مبارک کو شہنشاہ دو عالم نے مہر اور مواسات کا مہینہ قرار دیا ہے آ قا ﷺ کا فرمان ہے مہر یعنی ضبط نفس اور مواسات یعنی ہمدردی و غمخواری رمضان المبارک کو صبر کا مہینہ اس لیے بھی اس ماہ میں بہت سے بشری اور نفسی کمزوری جذبات و احساسات پر قابو رکھنا پڑتا ہے اگر خصہ آئے تو کنٹرول کرنا کا گالی گلوچ سے خیرات کا رجحان فروغ پاتا ہے عبادات کا ذوق بڑھ جاتا ہے گھروں گلوں اور مساجد میں ہر طرف ایمانی رنگ و نور کی برسات نظر آتی ہے نوافل اذکار کی رغبت بڑھ جاتی ہے۔ تلاوت قرآن پاک کا شغف کئی گناہ بڑھ جاتا ہے پوری مسلم سوسائٹی پر روحانی نظم و ضبط کا ایمان افروز رنگ چڑھ جاتا ہے سحر خیزی کے لمحے بڑے دل آویز اور ایمانی کے مناظر بڑے روحانی اور وجد انگیز ہو جاتے ہیں گویا جس طرح موسم بہار کی آمد سے ہر طرف تازہ پھولوں اور پتوں کی وجہ سے رنگ و نور کی برسات نظر آتی جاتی ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی گویا پورا ماحول بدل جاتا ہے جس طرح موسم بہار میں پرندوں کی چہچہاہٹ اور بزم و گل کی طرحات پہلے سے بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح رمضان المبارک کی آمد مبارک اور پر سعید ساعتوں میں اہل اسلام کے مزاجوں میں بھی نمایاں ایمانی حرارت اور فرق محسوس ہوتا ہے۔ لیکن اگر موسم بہار کی آمد ہو لیکن اس کے باوجود نہ پرانے پتے جھڑیں اور نہ ہی خشک ٹہنیاں اور درخت سرسبز ہوں اور نہ ہی بوسیدہ پھول اسر نو شگفتہ ہوں اور نہ ہی گلشن کی ادا سی شاداب میں ڈھلے تو کون اس کو موسم بہار کہے گا اسی طرح اگر نیکیوں کی بہار کا موسم یعنی رمضان المبارک کی آمد ہو لیکن نہ مسجدوں کی رونق بڑھے نہ ہی انداز الطوار میں شیت تبدیلی آئے نہ اندازا کا رد بدلے نہ دل کی آرزو بدلے اور نہ ہی ایمانی حرارت بیدار ہو نہ جذبہ مہر و محبت پھلے پھولے اور نہ ہی باطن سے پشہ تسلیم پھوٹے اور نہ ہی ظاہر و باطن کا تضاد دور ہو اور نہ ہی شیت انقلاب آئے تو تمام مہینوں اور رمضان میں کیا فرق محسوس ہوگا جب کہ رمضان تمام مہینوں کا سردار خدا کا مہمان مہینہ ہے۔ رمضان المبارک واقعی نیکیوں کی بہار کا موسم ہے جس کا ہر ایک لمحہ سعادت اس قدر بابرکت اور با سعادت ہے کہ باقی گیارہ مہینے مل کر بھی اس کی برابری و ہم سری نہیں کر سکتے۔ رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی ہر طرف برکت و سعادت خیرات عقادت ایثار اور پاکیگی و اخوت کے ایمان افروز مناظر دکھائی دینے لگتے ہیں۔ صدقہ

"خواتین کا عالمی دن: حقوق، جدوجہد اور مساوات کی راہ"

تحریر: سدرہ قیوم

8 مارچ خواتین کا عالمی دن 8 مارچ کو خواتین کا عالمی دن (International Women's Day) ہر سال دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن خواتین کی کامیابیوں، ان کے حقوق، اور مساوات کے لئے ان کی جدوجہد کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

تاریخ کی جھلکیاں

خواتین کے عالمی دن کی ابتدا 1908 میں نیویارک شہر میں ہوئی، جب خواتین نے بہتر کام کرنے کے حالات، برابر تنخواہ، اور ووٹ دینے کے حق کے لئے مظاہرہ کیا۔ 1910 میں، کلارا زیٹکن، جو جرمن سوشلسٹ اور خواتین کی حقوق کی کارکن تھیں، نے بین الاقوامی خواتین کانفرنس میں اس دن کے منانے کی تجویز دی۔ اس تجویز کو 1911 میں پہلی بار منایا گیا اور اس کے بعد سے ہر دن عالمی سطح پر خواتین کی کامیابیوں اور چیلنجز کی علامت بن گیا۔

خواتین کے عالمی دن کی اہمیت

خواتین کا عالمی دن، دنیا بھر میں خواتین کے حقوق، ان کی کامیابیوں، اور صنفی برابری کے مسائل کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اگرچہ بہت سی کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں، لیکن صنفی برابری کے حصول کے لئے ابھی بہت کچھ کیا جانا باقی ہے۔

موجودہ چیلنجز

آج کے دور میں بھی خواتین کو مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں اقتصادی عدم مساوات، تعلیم تک رسائی کی کمی، اور گھریلو و معاشرتی تشدد شامل ہیں۔ خواتین کو اکثر کام کے میدان میں بھی مساوی مواقع نہیں ملتے، اور انہیں تنخواہ اور ترقی کے مواقع میں تفریق کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

خواتین کی کامیابیاں

خواتین نے مختلف میدانوں میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں، چاہے وہ سیاست ہو، سائنس، ادب، یا کھیل۔ ان کی کاوشوں اور جدوجہد کی بدولت معاشرہ ترقی کی راہوں پر گامزن ہے۔

مستقبل کی راہیں

خواتین کے عالمی دن کا مقصد صرف ماضی کی کامیابیوں کا جشن منانا نہیں ہے، بلکہ مستقبل میں خواتین کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔ معاشرتی تبدیلی، قانونی اصلاحات، اور آگاہی کے ذریعے ہم صنفی برابری کے خواب کو حقیقت بنا سکتے ہیں۔

خواتین کا عالمی دن ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم خواتین کی کامیابیوں کا جشن منائیں اور ان کے حقوق کے لئے مزید مثبت اقدامات کی حمایت کریں۔ یہ دن نہ صرف خواتین کے لئے بلکہ پوری انسانیت کے لئے اہم ہے، کیونکہ جب خواتین کو انصاف اور مساوات ملتی ہے، تو پورا معاشرہ ترقی کی راہوں پر گامزن ہوتا ہے۔

تاریخی پس منظر

خواتین کے عالمی دن کی بنیاد 1900 کی دہائی کے اوائل میں رکھی گئی تھی، جب دنیا بھر میں صنعتی انقلاب نے معاشرتی اور اقتصادی تبدیلیاں لانا شروع کیں۔ اس دوران، خواتین نے معاشرتی اور اقتصادی حالات کو بہتر بنانے کے لئے اپنے حقوق کے لئے جدوجہد کی۔ 8 مارچ 1917 کو روس میں خواتین نے بہتر خوراک، امن اور انسانی حقوق کے لئے مظاہرہ کیا، جس کے نتیجے میں روسی سلطنت کا خاتمہ ہوا اور خواتین کو ووٹ کا حق ملا۔ یہ واقعہ بعد میں 8 مارچ کو خواتین کے عالمی دن کے طور پر منانے کی بنیاد بنا۔

عالمی سطح پر خواتین کی جدوجہد

خواتین کے عالمی دن کا مقصد عالمی سطح پر خواتین کی جدوجہد اور کامیابیوں کو اجاگر کرنا ہے۔ مختلف ممالک میں خواتین نے مختلف چیلنجز کا سامنا کیا اور ان کے خلاف لڑا ہے، چاہے وہ تعلیم، صحت، یا معاشرتی حقوق کے میدان میں ہو۔ آج بھی دنیا بھر میں خواتین حقوق کی جدوجہد جاری ہے، اور ہر سال خواتین کے عالمی دن پر دنیا بھر میں مختلف تقریبات، سیمینارز، اور آگاہی مہمات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

خواتین کے عالمی دن کے تقاریب

خواتین کے عالمی دن پر دنیا بھر میں مختلف تقریبات منعقد کی جاتی ہیں، جن میں سیمینارز، ورکشاپس، اور مینگز شامل ہیں۔ یہ تقریبات خواتین کی کامیابیوں کو منانے اور ان کے حقوق کے لئے آواز اٹھانے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ بہت سی تنظیمیں اور ادارے اس دن کے موقع پر خاص پروگرامز اور مہمات چلاتے ہیں تاکہ خواتین کے مسائل اور چیلنجز کو اجاگر کیا جا سکے۔

معاشرتی اور اقتصادی اثرات

خواتین کے حقوق کی جدوجہد نے معاشرتی اور اقتصادی سطح پر بھی تبدیلیاں لائی ہیں۔ خواتین کی تعلیم، صحت، اور اقتصادی خودمختاری کے لئے کی جانے والی کوششوں نے نہ صرف ان کے ذاتی حالات میں بہتری لائی ہے بلکہ پورے معاشرتی نظام پر بھی مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔ مثال کے طور پر، خواتین کی تعلیم میں اضافہ نے معیشت کی نمو، صحت کی حالت، اور معاشرتی استحکام میں بہتری لائی ہے۔

مستقبل کی سمت

مستقبل میں خواتین کے عالمی دن کی اہمیت مزید بڑھتی جا رہی ہے۔ ترقی پذیر ممالک میں خواتین کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لئے مزید کوششیں ضروری ہیں۔ خواتین کی معاشرتی اور اقتصادی خودمختاری کے لئے بہتر پالیسیاں، قوانین، اور پروگرامز کی ضرورت ہے۔ سائنسی اور معاشرتی شعور اور آگاہی بڑھانا بھی اہم ہے تاکہ خواتین کے حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف موثر اقدامات اٹھائے جا سکیں۔

خواتین کا عالمی دن ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ ہم سب کو مل کر خواتین کی کامیابیوں کا جشن منانا چاہیے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لئے مسلسل جدوجہد کرنی چاہیے۔ اس دن کا مقصد صرف خواتین کے حقوق کا جشن منانا نہیں ہے بلکہ ایک ایسی دنیا کی تشکیل کی طرف اشارہ کرنا ہے جہاں ہر انسان کو برابری، انصاف، اور مواقع مل سکیں۔

SHOWBIZ شوبز

نیلم منیر نے شادی کے بعد شوبز انڈسٹری چھوڑ دی؟ اداکارہ کی تردید

اداکاری میرا جنون ہے اور میں ایسی چیز کیسے چھوڑ سکتی ہوں جس سے مجھے بیحد پیار ہے

لاہور (این این آئی) اداکارہ نیلم منیر نے شادی کے بعد شوبز چھوڑنے سے متعلق افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔ سوشل میڈیا پر خوبرو اداکارہ نیلم منیر کی شادی کے بعد سے یہ افواہیں گردش کر رہی تھیں کہ اداکارہ نے شوبز کی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے۔ تاہم نیلم منیر نے ان افواہوں پر ریئکٹ دیتے ہوئے ان کی تردید کر دی ہے۔ اداکارہ نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک پیغام میں واضح کیا کہ وہ اپنے کام سے بیحد پیار کرتی ہیں اور اسے جاری رکھی ہوئی ہیں۔ اداکارہ نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں لکھا کہ مجھ سے متعلق تجزیے گردش کر رہی ہیں۔

اداکارہ صاحبہ نے سیٹ پر اداکار کو تھپڑ مار دیا

صاحبہ آج بھی جب فیصل قریشی مجھ سے ملتے ہیں تو ہمیں وہ تھپڑ کی گونج یاد آجاتی ہے، صاحبہ

لاہور (این این آئی) خوبرو اداکارہ صاحبہ فیصل قریشی کے سیٹ پر ایک اداکار کو تھپڑ مار دیا۔ اداکارہ صاحبہ نے حال ہی میں ٹی وی کے شو میں شرکت کی جس میں میزبان نے پوچھا کہ سیٹ پر کبھی کسی سے لڑائی ہوئی ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ایک اداکار ہے جس کا نام بھی بھول گئی ہوں کیونکہ انہوں نے کام جاری نہیں رکھا۔ صاحبہ نے کہا کہ میرے ساتھ اس فلم میں فیصل قریشی ہیرو تھے، ہم ایک گانے کی شوٹنگ کر رہے تھے جس کا سین تھا میں اور اداکار کے ساتھ ڈانس کرنے کھل کو لڑائی ہوں۔ اداکارہ کے مطابق وہ اداکار زیادہ اور ڈانسنگ کر رہا تھا جب کہ ان آپس میں اور اس نے اور کیا تو میں نے اسے تھپڑ مار دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے تھپڑ مارا تو وہ گرا اس وقت چھوٹے کیمرے ہوتے تھے ہو سکتا ہے کہ فیصل قریشی وہ ویڈیو بنا رہے تھے۔ صاحبہ نے کہا کہ میرے ساتھ اس فلم میں فیصل قریشی ہیرو تھے، ہم ایک گانے کی شوٹنگ

اداکاری ہی میرا شوق ہے، دیپکا پڈوکون

سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکاراں میں سے ایک کہنے پر خفا ہو گئیں



کمیٹی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ دیپکا پڈوکون بالی وڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکاراں میں سے ایک کہنے پر برس پڑیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ کو بالی وڈ کی سب سے زیادہ معاوضہ لینے والی اداکاراں میں سے ایک کہہ کر پکارا گیا تو دیپکا کو ایک آنکھ نہ بھایا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ایک دن ایسا ضرور آئے گا جہاں ہمیں اس طرح سے بات کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی اور ہمیں یہ بتانے کی ضرورت پیش ہوگی کہ میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والوں میں سے ہوں۔

سلمان خان اور رنبیر کپور کے ساتھ کام کرنا چاہتی، ماورا حسین

ماورا نے 2016 میں فلم صنم تیری قسم سے بالی وڈ میں ڈیبیو کیا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل ماورا حسین نے بالی ووڈ کے دورے سے پر اسرار ذریعے ساتھ کام کرنے کی خواہش کا اظہار کر دیا۔ سماجی میڈیا کو دیے ایک حالیہ انٹرویو میں ماورا نے خواہش ظاہر کی کہ وہ سلمان خان اور رنبیر کپور کے ساتھ کام کرنا چاہتی ہیں۔ ماورا حسین نے اپنی 2016 میں ریلیز ہونے والی فلم صنم تیری قسم کی دوبارہ کامیاب ریلیز پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جس وقت بھنا گلھا ہوا تھا اپنا تاثر ملا ہے۔ سلمان خان نے اپنی انتہائی مصروف بھی پیدا ہونگے جس سے نوجوانوں کی مایوسی دور ہوگی۔ حکومت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر اندرونی و بیرونی سرمایہ کاروں صنعت کاروں اور نوجوانوں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

سکندر فلم کے گانے کیلئے 500 ٹرک ڈانسروں کی خدمات لینے کا فیصلہ

ٹرک ڈانسروں کی خدمات لینے کا فیصلہ

کمیٹی (این این آئی) بالی ووڈ میں ایک فلم کے گانے کے لیے 500 ٹرک ڈانسروں کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ گانا بالی ووڈ کے معروف اداکار سلمان خان کی فلم سکندر کا آخری گانا ہے جس کیلیے ترکی کے 500 ڈانسروں کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں۔ یونیورسل میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فلم کا ایک اہم ایرا کا ریکونس ہوگا جس کی

ترقی کی منازل طے کرنے والی ہانیہ عامر کی مصروفیات بھی بڑھ گئیں

اداکارہ اور ماڈل بننے کے بعد ہانیہ عامر نے انٹرویو کیلئے 20 لاکھ کا مطالبہ کر دیا

